**30.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..........................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام گجرات کے ایکتانگر میں بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔
- ☆ بھارت اور چین نے ساڑھے چار سال سے جاری تعطل کے بعد مشرقی لداخ کے Depsang اور Demchok خطے میں فوجیں ہٹانے کا عمل کر لیا ہے۔
- ☆ ملک میں روشنی کے تہوار کی تیاریوں کے درمیان آج شام ایودھیا میں 25 لاکھ سے زیادہ مٹی کے دیے روشن کرکے عظیم الشان دیپ اُتسو منایا جا رہا ہے۔
- ☆ تہوار کے موقع پر مسافروں کی بھیڑ کے مدنظر ریل کے محکمے نے ہزاروں خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا اہتمام کیا ہے۔
- ☆ بھارتی محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کیرالہ، کرائی کل اور Mahe میں اگلے تین دن میں شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اسپین کے مشرقی Valencia خطے میں اچانک سیلاب میں کم سے کم 64 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev PM Ekta Diwas***

وزیراعظم نریندر مودی نے آج شام ایکتا نگر میں 280 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

وزیر اعظم نے، جو گجرات کے دو روزہ دورے پر ہیں، Aarambh 6.0 میں 99ویں کامن فاؤنڈیشن کورس کے زیر تربیت افسران سے بھی خطاب کیا۔ اِن افسران میں بھارت کی 16 سِول سروسز کے 653 زیر تربیت افسران اور بھوٹان کے سِول سروس کے تین زیر تربیت افسران شامل ہیں۔

اِس سال کے پروگرام کا موضوع ہے، ’’آتم نربھر اور وِکست بھارت کیلئے نقشۂ راہ‘‘۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ آج افتتاح کئے گئے پروجیکٹوں میں چار ایم ڈبلیو شمسی پروجیکٹ اور ایکتا نگر میں سَب ڈسٹرکٹ اسپتال شامل ہیں۔

وزیر اعظم نے Bonsai گارڈن ، سردار سروور ڈیم تجربے کے مرکز کا بھی سنگِ بنیاد رکھا۔

VC - Aprna Khunt

50 بستروں پر مشتمل، 22 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیے گئے ذیلی ڈسٹرکٹ اسپتال میں ایکتانگر کے باشندوں کیلئے لازمی طبی خدمات مہیا کرائی جائیں گی۔ مجسمۂ اتحاد دیکھنے کیلئے آنے والے سیاحوں کی سہولت کیلئے 10 اسمارٹ بس اسٹینڈز، Pickup اسٹینڈز اور 4 میگا واٹ کے شمسی توانائی پروجیکٹ کا بھی آج پہلے مرحلے میں افتتاح کیا گیا۔ اس کے علاوہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے پائیدار ترقی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے عالمی معیار کا ایک Bonsai گارڈن بھی جلد ہی قائم کیا جائے گا۔x

## *PM Defence Article*

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وڈودرا میں C-295 طیارے کی مینوفیکچرنگ سے متعلق کمپلیکس کا افتتاح، بھارت کے دفاعی اور ایرو اسپیس کے سفر کیلئے ایک اہم لمحہ ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم Linked In پر اپنے مضمون کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ محض دو برس میں سنگ بنیاد رکھے جانے سے لے کر اِس مرکز کے تیار ہونے تک اِس کے مکمل ہونے کی رفتار نے سب کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھارت کے عوام کے کام کرنے کے نئے کلچر اور صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2023-24 میں دفاعی ساز و سامان کی پیداوار بڑھ کر ایک اعشاریہ دو-سات لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مکمل دفاعی ایکو نظام میں یکسر تبدیلی آئی ہے۔ x

## *India China Disengagement*

بھارت اور چین کے درمیان حقیقی کنٹرول لائن LAC پر ساڑھے چار سال سے جاری فوجی تعطل کے بعد مشرقی لداخ کے Depsang اور Demchowk علاقوں میں فوج ہٹانے کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔

فوجی ذرائع کے مطابق خطے میں نارمل حالات کی بحالی کے تئیں نمایاں اقدام کے طور پر مقامی کمانڈر سطح کی بات چیت جاری رہے گی اور سرحد پر گشت کا عمل جلد ہی دوبارہ شروع کر دیا جائے گا۔

ذرائع کے مطابق توثیق کا عمل جاری ہے اور دونوں ملکوں کے گراؤنڈ کمانڈروں کے درمیان گشت سے متعلق

طریقۂ کار پر فیصلہ لیا جائے گا۔

VC- Anupam Mishra

حال ہی میں بھارت اور چین کے درمیان مشرقی لداخ میں حقیقی لائن آف کنٹرول پر گشت سے متعلق انتظامات پر ایک سمجھوتہ طے پایا ہے۔ فوجیں ہٹانے کا عمل اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوا اور دونوں ملکوں کی فوج کے ذریعے Demchwok اور Despang علاقوں سے عارضی خیمے ہٹانے کے عمل کے ساتھ ہی اس ماہ کی 22 تاریخ سے فوجیں ہٹائے جانے کی کارروائی شروع ہوئی۔ روس، Kazan میں 16ویں برکس چوٹی کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی اور چین کے صدر شی جِنگ پنگ کے درمیان ایک علیحدہ میٹنگ میں اس بات سے اتفاق کیا گیا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان سرحدی معاملے کے ایک منصفانہ ، موزوں اور باہمی طور پر قابل قبول حل کی نشاندہی اور ان علاقوں میں امن و سکون سے متعلق بندوبست کا جائزہ لینے کیلئے اس معاملے کیلئے مقرر کردہ خصوصی نمائندے سمجھوتے کے مطابق جلد ہی ایک میٹنگ کریں گے۔

بھارت اور چین نے حساس زون میں گشت کا عمل شروع کئے جانے سے پہلے بات چیت کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ متعلقہx فریقین کل دیوالی کے موقع پر ایک دوسرے کو مٹھائی پیش کریں گے۔ x

## ***Jharkhand - Maha Election***

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ کا کام آج مکمل ہوگیا۔ اِس مرحلے کیلئے 634 امیدواروں نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ 20 نومبر کو دوسرے مرحلے میں 38 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ پہلی نومبر تک امیدوار اپنے نامزدگی پرچے واپس لے سکتے ہیں۔

انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا عمل آج مکمل ہوگیا۔ کُل 743 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کے تحت 43 حلقوں میں 13 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

مہاراشٹر میں کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ چار نومبر ہے۔x

## ***Diwali***

دیوالی آنے کے ساتھ، تہوار کا جذبہ پورے ملک میں چھایا ہوا ہے۔ اترپردیش میں آج شام رام کی Paidi سمیت ایودھیا کے سریو دریا کے 55 گھاٹوں پر ایک عظیم الشان دیپ اُتسو منعقد کیا گیا۔ رام مندر کی پران پرتشٹھا تقریب کے بعد ایودھیا میں یہ پہلی دیپ اُتسو تقریب ہے۔ اترپردیش حکومت نے دیپ اُتسو کے موقع پر 25 لاکھ

12 ہزار سے زیادہ دِیے روشن کرکے ساتواں Guinness عالمی ریکارڈ حاصل کیا ہے۔ اس سال ایک اور عالمی ریکارڈ تشکیل دیا گیا ہے ، جس میں سریو کے گھاٹوں پر ایک ہزار ایک سو Batuks نے ایک ساتھ مل کر سب سے بڑی آرتی کی۔

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت ، اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ ، مختلف دیگر کابینی وزراء اور بڑی تعداد میں سادھو سنتوں نے اِس تقریب میں شرکت کی۔

آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ بھارت کے تئیں دنیا کا نظریہ تبدیل ہوا ہے۔ جس رفتار سے ملک ترقی کر رہا ہے، پوری دنیا، بھارت کی جانب دیکھ رہی ہے۔ آج دنیا بھر میں بھارت کی معلومات، روایات، یوگا، آیوروید اور ثقافت کو تسلیم کیا جا رہا ہے۔ بھگوان شری رام کے مندر کے قیام کے بعد بھارت کا مستقبل ایک مرتبہ پھر روشن ہوا ہے۔ آج دیپ اُتسو کا دن اِس بات کا عہد کرنے کا ہے کہ ہم ملک کو دنیا بھر میں سب سے طاقتور، خوشحال اور باصلاحیت بنائیں گے۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ایودھیا کیلئے یہ سال خصوصیت اور روحانیت کا حامل رہا کیونکہ اِس سال 22 جنوری کو نئے تعمیر کیے گئے مندر میں بھگوان رام کی واپسی سے 500 سال کا انتظار ختم ہوا۔

یہ لمحہ اُن سب کو یاد کرنے کا ہے جنہوں نے اپنی پوری زندگی رام جنم بھومی تحریک کیلئے وقف کر دی۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ڈبل انجن کی یہ سرکار، محض وعدے نہیں کرتی بلکہ انہیں پورا بھی کرتی ہے۔ حکومت نے ایودھیا سے متعلق 2017 کے بعد کیے گئے ہر وعدے کو پورا کیا ہے۔ آج ایودھیا کی تبدیل ہوئی نئی شبیہ، عالمی توجہ کا مرکز ہے۔ ایودھیا میں 31 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں پر کام یا تو مکمل ہوچکا ہے یا جاری ہے۔ ایودھیا آج جگمگا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور مرکزی وزیر گجیندر شیخاوت نے شری رام مندر میں پوجا ارچنا کی اور Saryu آرتی میں شامل ہوئے۔ اس موقع پر ایک عظیم الشان ڈرون اور لیزر شو کا بھی اہتمام کیا گیا۔

مغربی بنگال میں کل کالی پوجا اور دیوالی ہے۔ لوگ دیوالی کے تہوار کیلئے آخری لمحے کی خریداری میں مصروف ہیں۔ ایک رپورٹ ...

VC - Kalyan Laha

دلّی میں بڑے اسپتال دیوالی کے دوران جلنے کے معاملوں سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS ، ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور صفدرجنگ اسپتالوں نے پٹاخوں کی وجہ سے جلنے والے مریضوں کیلئے بستر مختص کئے ہیں۔

ایمس کے Burns اور پلاسٹک سرجری محکمے کے سربراہ ڈاکٹر منیش سنگھل نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے

ہوئے کہا کہ اِس طرح کے مریضوں کیلئے تقریباً 25 فیصد بستر Reserved ہیں۔

SB - 2100 - Manish Singhal

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے دیوالی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

بھارتی ریلویز دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھیڑ سے نمٹنے کیلئے 7 ہزار 296 خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہی ہے۔

تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھاری تعداد سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ریلوے نے بھیڑ بھاڑ کے بہتر بندوبست کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں اور دلّی کے بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کو بغیر رکاوٹ خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، ڈویژنل ریلوے منیجرSukhwinder سنگھ نے دلّی کے بڑے اسٹیشنوں پر پلیٹ فارم ٹکٹوں کی فروخت کے بارے میں بتایا۔

SB - 2100 - DRM Delhi - Sukhvinder

### Kanda Expres - Delhi

دلّی NCR میں پیاز کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے 840 میٹرک ٹن پیاز کے ساتھ کاندا ایکسپریس ٹرین آج ناسک سے دلّی پہنچی۔ صارفین کی امور کی وزارت نے بتایا ہے کہ دلّی NCR میں ٹرین کے ذریعے لائی جانے والی پیاز کی یہ دوسری بڑی کھیپ ہے۔ اس سے پہلے بھارت کی قومی زرعی کوآپریٹیو مارکیٹنگ فیڈریشن نے پچھلے ہفتے کاندا ایکسپریس کے ذریعے ایک ہزار 600 میٹرک ٹن پیاز بھیجی تھی۔ x

### NCW - Kerala

خواتین کے قومی کمیشن، NCW نے کیرالہ میں گھر میں کام کرنے والی ایک خاتون کی ، جس کا تعلق اڈیشہ سے ہے، ایک شخص کے ذریعے مبینہ عصمت دری سے متعلق ایک رپورٹ پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ اِس سلسلے میں، اِس مہینے کی 17 تاریخ کو ایک FIR درج کی گئی تھی۔ ملزم فرار ہو گیا ہے۔ کمیشن نے ریاست کے قانون نافذ کرنے والے حکام سے فوری کارروائی کرنے کیلئے کہا ہے اور کیرالہ کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل سے مقررہ مدت کے اندر منصفانہ چھان بین کو یقینی بنانے کی درخواست کی ہے۔x

### IMD Rainfall

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے تین روز کے دوران تمل ناڈو ، پڈو چیری ، کیرالہ ، کرائیکل اور

ماہے میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کُل جنوبی اندرونی کرناٹک میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ تمل ناڈو ، ساحلی آندھرا پردیش ، یانم اور تلنگانہ میں بھی ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اگلے ایک ہفتے کے دوران شمال مغربی بھارت میں معمول کے درجۂ حرارت سے زیادہ کے رجحان کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ x

## Kirti Vardhan Environment

ماحولیات کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے موجودہ اور آئندہ نسلوں کیلئے اپنے اور عالمی حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے تیئں بھارت کے عزم کو دوہرایا ہے۔ کولمبیا کے Cali میں حیاتیاتی تنوع سے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشن COP-16 کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے شیروں سے متعلق بین الاقوامی اتحاد قائم کرکے عالمی سطح پر جنگلی جانوروں کے تحفظ کے سلسلے میں اہم اقدام کیا ہے۔ اِس اتحاد کا مقصد شیروں کی دنیا کی سات اہم نسلوں کا تحفظ کرنا ہے۔ x

## Delhii Pollution

دلّی NCR میں ہوا کا معیار انتہائی خراب کے زمرے میں برقرار ہے۔ آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی کی ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ آج سہ پہر ایک بجے 296 ریکارڈ کیا گیا۔

IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ کل سے اگلے مہینے کی دو تاریخ تک ہوا کی کوالٹی بہت خراب کے زمرے میں رہنے کا امکان ہے۔ x

## Spain Floods

اسپین کے مشرقی Valencia خطے میں اچانک سیلاب سے تقریباً 64 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ کل موسلا دھار بارش کی وجہ سے اچانک سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی، جس میں گاڑیاں بہہ گئیں، ریل لائنوں اور شاہراہوں پر آمد و رفت متاثر ہوئی اور سڑکیں اور شہر زیرِ آب آگئے۔ راحت اور بچاؤ کارروائیوں کیلئے اسپین کے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے والے یونٹوں کے ایک ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆